37839 ـ ماہواری میں پیدا ہونے والی رکاوٹ

سوال

حیض آنے کے بعد رک جانے پراگر کوئي عورت روزہ رکھے اورایک دن بعد پھر حیض آجائے تواس کا حکم کیا ہوگا آیا اس دن کی قضاء کرے گي یا نہیں ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

دوران حیض اگر ایک دن یا ایک رات حیض نہ آئے تو اسے غسل کرکے پاکی کی حالت میں جتنی نمازیں ہوں پڑھنی چاہییں ، کیونکہ ابن عباس رضي اللہ تعالی عنہ کا کہنا ہے :

جب عورت زیادہ اورگاڑھا خون دیکھے تووہ نماز نہ پڑھے ، اورجب اسے ایک گھنٹہ طہر حاصل ہوتو غسل کرلے ۔

دیکھیں فتاوی اللجنۃ الدائمۃ (مجلۃ البحوث العلمیۃ (12 / 102) ۔

دم البحرانی غلیظ اورزیادہ خون کو کہتے ہیں ۔ دیکھیں لسان العرب (4 / 64) ۔

واللہ اعلم .